# جون 2025ء میں کاشتکاروں کے لئے زرعی موسمیاتی مشورے

ماہ مئی کے دوران ملک کے زیادہ تر زرعی میدانوں میں گرمی کی لہر کے ساتھ دن کے درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہے جبکہ پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں بارش بھی معمول کے مطابق اوراس سے قدرے زیادہ رہی۔ اس دوران بالائی علاقوں اور شمالی بلوچستان میں کسانوں نے ربیع کی فصل بالخصوص گندم کی کٹائی / گہائی وغیرہ اپنے مقررہ وقت پر مکمل کی۔

عام طور پر جون سال کا گرم ترین مہینہ شمار کیا جاتا ہے۔ اس ماہ میں بارشیں بھی دوسرے مہینوں کی نسبت کم ہوتی ہیں۔ اس لحاظ سے یہ مہینہ کسان حضرات کیلئے ذرامشکل مہینہ ہوتا ہے۔ اس ماہ کے دوران زیر زمین پانی مزید نیچے چلا جاتا ہے۔ جس سے ٹیوب ویل اور کاریز کی کارکردگی متاثر ہونے کے امکانات بھی بڑھ جاتے ہیں۔ درجہ حرارت بڑھنے سے کھڑی فصلوں کی پانی کی ضروریات میں حد درجہ اضافہ ہو سکتا ہے۔

جون 2025 میں ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول کے قریب یا قدرے زیادہ بارشوں کا امکان ہے۔

**ماہ جون کے دوران کسانوں سے مندرجہ ذیل گزارشات ملحوظ خاطر رکھنے کی گزارش ہے۔**

۱۔ شدید گرمی اور ہوا میں نمی کی مقدار میں کمی کی وجہ سے بیلدار پودوں کی سطح سے بخارات کے ذریعے پانی کا ضیاع بہت زیادہ ہوتا ہے۔ اس لئے تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد فصل کو پانی ملتا رہے تو پیداوار متاثر نہیں ہوتی۔

۲۔ پنجاب اور سندھ کے چاول کی کاشت والے علاقوں میں پنیری کو کھیتوں میں منتقلی کا عمل جلد مکمل کر لیں۔

۳۔ موسم کی شدت کے پیش نظر کھڑی فصلوں اور سبزیوں کی آبپاشی شام یا رات کے اوقات میں کریں تاکہ قیمتی پانی عمل تبخیر سے ضائع نہ ہو۔

۴۔ مخصوص علاقوں میں متوقع بارشوں کے بعد جڑی بوٹیوں کی افزائش بڑھ جائے گی اس لئے ان کے تدارک کا مناسب بندوبست کریں۔

۵۔ اپنی تمام تر کھیتی باڑی موسمی پیشگوئیوں کے مطابق کریں۔ موسمی پیشگوئیوں کے سلسلے میں اخبار، ریڈیو، ٹیلیویژن سے مربوط رہیں اور اگر کوئی زرعی موسمیاتی مسئلہ درپیش ہو تو ہمارے مندرجہ ذیل دفاتر سے آپ بخوبی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

۱۔ نیشنل ایگرو میٹ سنیٹر پی۔ او۔ بکس نمبر 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔ فون نمبر: 051-9250299

۲۔ نیشنل فورکاسٹنگ سنیٹر برائے زراعت، پی۔ او۔ بکس، 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلا آباد۔ فون نمبر: 4- 9250363 -051

۳۔ ریجنل ایگرو میٹ سنیٹر، نزد بارانی یونیورسٹی، مری روڈ، راولپنڈی۔ فون نمبر: 051-9292149

۴۔ ریجنل ایگرو میٹ سنیٹر، ایوب ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔ فون نمبر: 041-9201803

۵۔ ریجنل ایگرو میٹ سنیٹر، ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ٹنڈو جام۔ فون نمبر: 0305-3097337

۶۔ ریجنل ایگرو میٹ سنیٹر، ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، سریاب روڈ، کوئٹہ۔ فون نمبر: 081-9211205

تفصیلی موسمی معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کی ویب سائٹ www.pmd.gov.pk ملاحظہ فرمائیں۔